# آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
## ﴿محکمہ مالیات﴾

☆☆☆☆☆

نمبر مالیات/بجٹ/7803-8992/2025ء                مورخہ 15 جولائی 2025ء

بخدمت:

1۔ جناب ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات)، آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

2۔ جناب سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

3۔ جملہ سیکرٹری صاحبان (پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسران)، آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد

4۔ جملہ سربراہان منسلکہ محکمہ جات، آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔

عنوان: **ہدایات/پالیسی بسلسلہ کفایت شعاری/آمدن وخرچ بابت سال 26-2025ء۔**

السلام علیکم!

معاملہ عنوان الصدر میں حسب ہدایت تحریر خدمت ہے کہ نظرثانی میزانیہ 25-2024ء وتخمینہ میزانیہ 26-2025ء آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی نے اپنے اجلاس منعقدہ 18 جون 2025ء منظور کیا ہے۔ آمدنی واخراجات میں توازن برقرار رکھنے اور کفایت شعاری کے اصولوں کو اپنانے کی خاطر بذیل ہدایات جاری کی جاتی ہیں:

1) جملہ محکمہ جات کے پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسر صاحبان محکمانہ آمدنی کے منظور شدہ/مقررہ اہداف مالی سال 26-2025ء کو بہر صورت پورا کرنے کے پابند ہونگے اور ہر محکمہ کے پاس موجود رقوم/آمدن کو Interim Constitution 1974 کے آرٹیکل 37/A اور Financial Code Vol-1 کے آرٹیکل 1 کے تحت فوری داخل خزانہ سرکار کروائے جانے کو یقینی بنائیں گے۔

2) رواں مالی سال کے دوران نئی گاڑیوں کی خرید اور بیرون ملک سرکاری دورہ جات پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔

3) حکومت پاکستان (وزارت خزانہ) سے گرانٹ کے خلاف پہلی دوسہ ماہیوں کے لئے 20% جبکہ سہ ماہی سوئم اور چہارم کے لئے 30% فی سہ ماہی کے مطابق گرانٹس موصول ہوتی ہیں اور اسی تناسب سے محکمہ مالیات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کی سطح سے بھی پہلی دوسہ ماہیوں کیلئے 20% جبکہ سہ ماہی سوئم وچہارم کیلئے 30% کے تناسب سے رقومات واگزار کی جاتی ہیں۔ لہذا آمدن واخراجات کے توازن کو برقرار رکھنے کے لیے واگزار کردہ رقومات کے خلاف اخراجات کو یقینی بنایا جائے گا۔

4) جملہ سیکرٹری صاحبان/پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسر صاحبان کفایت شعاری کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے اپنے ماتحت محکمہ جات کو مختص شدہ بجٹ کے اندر رہتے ہوئے تحت قواعد اخراجات کیے جانے کو یقینی بنائیں گے۔

5) Delegation of Financial Powers Rules, 2011 شیڈول II، پارٹ I کے قاعدہ 8 میں دی گئی ہدایات کے مطابق تنخواہ والاؤنسز کے علاوہ بجلی، پٹرول، پانی، ٹیلیفون، کرایہ عمارت ودیگر Non-Transferable بشمول Electronic Communication مدات سے انتقال زر پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔

6) Delegation of Financial Powers Rules, 2011 شیڈول II، پارٹ I کے قاعدہ 8 کے تحت 31 مارچ 2026ء تک انتقال زر کا اختیار متعلقہ پرنسپل اکونٹنگ آفیسر کو حاصل ہے۔ محکمہ کی جانب سے 31 مارچ 2026ء تک کی گئی انتقال زر کی نقول محکمہ جات 10 اپریل 2026ء تک محکمہ مالیات (شعبہ بجٹ) کو بغرض انڈورسمنٹ ارسال کرنے کے پابند ہونگے۔ اس کے بعد محکمانہ سطح سے کی گئی انتقال زر کی تجاویز کو زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

7) 31 مارچ 2026ء کے بعد تحت ضابطہ کوئی بھی محکمہ بدوں مالیاتی رضامندی انتقال زر کا مجاز نہ ہوگا۔ نیز کفایت شعاری کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نظرثانی وتخمینہ میزانیہ حتمی کیے جانے کے پیش نظر انتقال زر کی تجاویز کو 20 مئی 2026ء کے بعد مالیاتی سطح پر زیر غور نہیں لایا جائے گا۔

8) محکمہ تعمیرات عامہ مواصلات (نارتھ وساؤتھ) فزیکل پلاننگ وہاؤسنگ اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں سالانہ مرمتی وخصوصی مرمتی کے خلاف نئی تقرری نہیں کرے گا۔

9) جملہ محکمہ جات کی جانب سے ممکنہ بچت سے 30 اپریل 2026ء تک بہر صورت محکمہ مالیات کو مطلع کیا جائے گا تاکہ بچت شدہ رقم کسی دوسرے محکمہ کی ناگزیر ضروریات کے لئے منتقل کی جا سکے۔

10) حکومتی پالیسی کے مطابق جملہ محکمہ جات اشتہارات اشاعت کیلئے محکمہ اطلاعات کو ارسال کریں گے اور محکمہ اطلاعات ترقیاتی وغیر ترقیاتی میزانیہ کے خلاف اشتہارات کی تحت ضابطہ کفایت شعاری سے اشاعت اور تحت قواعد ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔

11) جملہ محکمہ جات میزانیہ 26-2025ء میں قائم مد "بجلی، پانی، گیس، ٹیلیفون وکرایہ عمارات" کیلئے مختص شدہ رقوم کے خلاف متعلقہ محکمہ جات کو ماہانہ بنیادوں پر حساب فہمی کے بعد ادائیگی کرنے کے پابند ہوں گے یہ مدات Ways and Means سے مستثنیٰ ہوں گی نیز بجلی، پانی اور طباعت (ماسوائے کشمیر ہاؤس اسلام آباد ودیگر دفاتر جو پاکستان کے شہروں میں ہیں) کے بلات کی ادائیگی بذریعہ بک ٹرانسفر (B.T) عمل میں لائی جائے گی۔

CamScanner

(12 جملہ محکمہ جات آئندہ اوسط بنیادوں پر بجلی کے بلات کی ادائیگی نہیں کریں گے بلکہ جن محکمہ جات میں بجلی کے میٹرز نصب نہ ہیں وہ محکمہ برقیات سے میٹرز نصب کروانے کے بعد ماہانہ بلات کی ادائیگی کے علاوہ میٹرز کی تنصیب پر اٹھنے والے اخراجات مد ''اخراجات بجلی'' سے برداشت ہوں گے نیز جملہ محکمہ جات کے ذمہ بقایاجات بجلی کی ادائیگی کے لئے آئندہ محکمہ برقیات براہ راست محکمہ مالیات سے فنڈز کی تحریک نہیں کرے گا بلکہ متعلقہ محکمہ ازخود محکمہ برقیات سے Reconciliation کے بعد فنڈز کے حصول کی تحریک کرے گا۔

(13 محکمہ فزیکل پلاننگ وہاؤسنگ، مواصلات، تعمیرات عامہ، برقیات سے متعلق ورکس کی مدات سے ماتحت دفاتر کو کی جانے والی واگزاری رقومات کے جملہ کیسز سیکرٹریٹ کی سطح سے محکمہ مالیات کو 20 مئی 2026ء تک ارسال کرنے کے پابند ہونگے۔

(14 بجٹ میں آسامیوں کے ہمراہ سکیلز کا اندراج کیا گیا ہے اگر کسی بھی محکمانہ بجٹ میں آسامی کے سکیل میں کوئی تفاوت ہو تو متعلقہ محکمہ کی جانب سے غلطی کی فوری نشاندہی کرتے ہوئے محکمہ مالیات شعبہ (بجٹ) کو بروقت آگاہ کرنے کا پابند ہوگا تاکہ مطابقاً درستگی کی جاسکے۔

(15 ہر ماہ کی یکم سے سات تاریخ صرف تنخواہ والاؤنسز، پنشن وگزارہ الاؤنس مہاجرین کی ادائیگی کے لئے مختص ہے۔ ان تواریخ میں دیگر کوئی ادائیگی محکمہ حسابات کی سطح سے عمل میں نہیں کی جائے گی، ناگزیر ضرورت کے پیش نظر کسی بھی مد کے خلاف واگذاری محکمہ مالیات کی نرمی سے مشروط ہوگی۔

(16 محکمہ جنگلات نکاسی لکڑی کیلئے مختص شدہ پر دویژن کے خلاف کسی بھی قسم کے عارضی عملہ کی تقرری نہیں کرے گا اور مد ''نکاسی لکڑی'' کے خلاف ہونے والے اخراجات وممکنہ بچت کی تفصیل 20 مئی 2026ء تک محکمہ مالیات کو فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔

(17 محکمہ جات کی جانب سے محکمہ مالیات کو تحریر کیے جانے والے جملہ مکتوب ہاء میں New Chart of Accounts کے مطابق متعلقہ محکمہ کا DDO کوڈ اور مدات ہاء (Object Code) تحریر کیا جانا لازمی ہوگا۔

(18 محکمہ تعلیم و دیگر محکمہ جات میں زنانہ ملازمین کی رخصت زچگی کے دوران عوضی انتظام کے علاوہ دیگر جملہ محکمہ جات میں مد لیویسلری ختم ہوچکی ہے۔ لہٰذا رخصت زچگی کے علاوہ مد لیویسلری کے خلاف کوئی بھی عوضی تعیناتی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔ اگر کوئی محکمہ دوران رخصت عوضی تقرری کرے گا تو عوضی ملازم کو ادائیگی متعلقہ آفیسر کی تنخواہ سے کی جائے گی۔

(19 محکمہ سرکاری چھاپہ خانہ کے میزانیہ 2025-26 کی مدات سامان طباعت کی خریداری کے علاوہ محکمہ صحت عامہ کی مدات ''خوراک مریضاں''، ''آکسیجن'' ومحکمہ جیل خانہ جات کی مد ''خوراک قیدیاں'' اور محکمہ امور حیوانات / وائلڈ لائف وفشریز کی مد ''فیڈ جانوراں / آبی حیات'' و ''ادویات وغیرہ'' سہ ماہی پابندی سے مستثنیٰ ہونگی۔ تاہم، اس بارہ میں اخراجات کرنے سے قبل وزیر اعظم سیکرٹریٹ کو آگاہ کیا جائے گا۔

(20 محکمہ صحت عامہ کے زیر انتظام مختلف ہسپتال ہاء کے میزانیہ میں PG ڈاکٹرز کیلئے بطور Stipends مختص شدہ رقم سہ ماہی پابندی سے مستثنیٰ ہوگی اور محکمہ صحت عامہ سال وائز نافذ العمل شرح کے مطابق ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔

(21 محکمہ مالیات سے کی جانے والی خط وکتابت بذریعہ پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسرز کی زیر دستخطی موصول ہونے والے مکتوبات ہاء / تجاویز ہی زیر غور لائی جائے گی۔

والسلام،

ڈپٹی سیکرٹری مالیات (بجٹ)
فون نمبر: 05822-921267

نقل بالا بخدمت:

1۔ سیکرٹری صاحب برائے جناب صدر گرامی آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد۔
2۔ سیکرٹری صاحب برائے جناب وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
3۔ جملہ پرائیویٹ سیکرٹری صاحبان ہمراہ جناب وزراء کرام / مشیران اکرام، معاونین خصوصی و پارلیمانی سیکرٹریز، آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
4۔ پرائیویٹ سیکرٹری صاحب ہمراہ جناب چیف سیکرٹری آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
5۔ جناب ناظم اعلیٰ حسابات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد مرسلہ ہو کر تحریر خدمت ہے کہ جملہ ماتحت ضلعی دفاتر / ڈویژن ہا میں ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔
6۔ جناب ڈائریکٹر جنرل آڈٹ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر۔
7۔ چیئرمین صاحبان ترقیاتی ادارہ جات مظفرآباد / میرپور / راولاکوٹ / باغ / کوٹلی، نیلم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر۔
8۔ جناب مینجنگ ڈائریکٹر ہائیڈرو الیکٹرک بورڈ / سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بورڈ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر۔
9۔ جناب سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میرپور آزاد کشمیر۔
10۔ جناب کنٹرولر سرکاری چھاپہ خانہ مظفرآباد آزاد کشمیر۔

ڈپٹی سیکرٹری مالیات (بجٹ)